**21.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... کلیم احمد

**Music**

------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آسام میں **Namrup** کے مقام پر **10** ہزار **601** کروڑ روپے مالیت کے کیمیاوی کھاد پلانٹ کا سنگِ بنیاد رکھا۔

☆ زراعت کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سرکار پارلیمنٹ کے اگلے اجلاس میں نقلی کیمیاوی کھاد اور جراثیم کش دواؤں کی روک تھام کیلئے ایک بل پیش کرے گی۔

☆ ریلوے کے محکمے نے اِس مہینے کی **26** تاریخ سے مسافر کرایوں کو معقول بنانے کا اعلان کیا ہے۔ **Ordinary** کلاس میں **215** کلومیٹر تک کے سفر کیلئے کرائے میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

☆ بھارت کی ایئرپورٹ اتھارٹی نے شمالی بھارت میں گہرے کہرے کی وجہ سے کم دوری تک ہی صاف نظر آنے کے تناظر میں ہوائی جہازوں کی پروازوں میں تاخیر اور تبدیلی کے سلسلے میں ایڈوائزری جاری کی ہے۔

☆ موسمیات محکمے نے مشرقی اترپردیش، بہار اور جھارکھنڈ میں گہرا کہرا چھائے رہنے کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ جنوبی افریقہ کے **West Rand** خطے میں مسلح حملہ آوروں کی فائرنگ میں **9** افراد مارے گئے ہیں۔

☆ اور کرکٹ میں، دوبئی میں **19** سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ایشیا کپ کے فائنل میں بھارت اور پاکستان کے درمیان میچ جاری ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Assam**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج آسام کے ڈبروگڑھ ضلعے میں **Namrup** کے مقام پر **10** ہزار **601** کروڑ روپے مالیت کے ایک فرٹیلائزر پلانٹ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اِس پروجیکٹ کا مقصد خطے میں کیمیاوی کھاد کی پیداوار کو مستحکم بنانا اور زرعی پیداوار کو بڑھاوا دینا ہے۔ اِس پلانٹ میں سالانہ **12** لاکھ **70** ہزار میٹرک ٹن یوریا تیار کرنے کی صلاحیت ہوگی۔ آسام کی کیمیاوی کھاد کی ضروریات پوری کرنے کے ساتھ ساتھ، امید ہے کہ اس پلانٹ سے پڑوس کی ریاستوں کو بھی فائدہ ہوگا،

فرٹیلائزر درآمدات پر انحصار کم ہوگا، روزگار کے خاطر خواہ مواقع پیدا ہوں گے اور خطے میں یہ صنعتی ترقی میں اہم رول ادا کرے گا۔ وزیرِ اعظم نے اِس کے بعد وہاں موجود لوگوں سے خطاب بھی کیا۔

**SB - PM**

اِس سے قبل، آج صبح وزیرِ اعظم نریندر مودی آسام کے گواہاٹی میں **Paschim Boragaon** شہید اِسمارَک شیتر گئے اور آسام تحریک کے شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

جناب مودی گواہاٹی میں ''پریکشا پے چرچہ'' پروگرام کے حصے کے طور پر آسام کے **25** ہونہار طلباء سے گفتگو بھی کرنے والے ہیں۔ جناب مودی دریائے برہمپتر پر ایک کروز میں طلباء سے گفتگو کریں گے، جو امتحانات سے قبل طلباء کے ساتھ وزیرِ اعظم کے رابطے کا ایک منفرد پروگرام ہوگا۔

جناب مودی نے کَل گواہاٹی میں لوک پریہ گوپی ناتھ **Bardoloi** بین الاقوامی ہوائی اڈے کے ٹرمنل کی نئی عمارت کا افتتاح کیا۔ **x**

## Chouhan Fertilisers

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ سرکار پارلیمنٹ کے اگلے اجلاس میں نقلی کیمیاوی کھاد اور جراثیم کش دواؤں کے خلاف ایک بل پیش کرے گی۔ انہوں نے گمراہ کن **Tag** کی آڑ میں نقلی کیمیاوی کھاد، نقلی جراثیم کش دوائیں اور دیگر غیر مجاز بائیو اشیاء فروخت کئے جانے پر تشویش کا اظہار کیا۔

جناب چوہان نے کہا کہ سخت قوانین بنائے جائیں گے اور ہیرا پھیری کرنے والے تاجروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیرِ موصوف نئی دلّی میں کسان ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام چودھری چرن سنگھ کسان سمّان تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ وزیرِ زراعت نے بتایا کہ سرکار اِس طرح کی بے ضابطگیوں کے خلاف جامع اقدامات کررہی ہے۔

جناب شیو راج سنگھ چوہان نے یہ بھی کہا کہ حال ہی میں منظور کئے گئے ''وِکست بھارت - جی رام جی'' قانون کے تحت روزگار کی گارنٹی **100** دن سے بڑھا کر **125** دن کردی گئی ہے۔**x**

**SB - 1400 - Shivraj Singh Chauhan**

## Railway Fare Rationalization

ریلوے کے محکمے نے اِس مہینے کی **26** تاریخ سے اپنے کرائے کے ڈھانچے کو معقول بنانے کا اعلان کیا ہے۔ نظرِ ثانی شدہ ڈھانچے کے تحت **Ordinary Class** میں **215** کلومیٹر تک کے سفر کیلئے کرائے میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔

**215** کلومیٹر سے زیادہ کے سفر کیلئے **Ordinary Class** میں کرائے میں ایک پیسے فی کلومیٹر کا اضافہ ہوگا، جبکہ **Mail** اور ایکسپریس ریل گاڑیوں میں **Non-AC** کلاس کیلئے دو پیسے فی کلومیٹر کا اضافہ ہوگا۔

**AC** کلاس میں ریلوے نے کرائے میں دو پیسے فی کلومیٹر کا اضافہ کیا ہے۔ ریلوے نے کہا ہے کہ کرایوں کو معقول بنائے جانے سے اِس سال تقریباً **600** کروڑ روپے کا اضافی مالیہ حاصل ہونے کی امید ہے۔ **x**

**Rev AAI Advisory**

شمالی بھارت میں آج صبح گہرا کہرا چھایا رہا۔ اِس تناظر میں بھارت کی ایئرپورٹ اتھارٹی نے کم دوری تک ہی صاف نظر آنے کی وجہ سے ہوائی جہازوں کی پروازوں میں تاخیر ہونے اور نظام الاوقات میں تبدیلی کے سلسلے میں ایڈوائزری جاری کی ہے۔

اِدھر بھارتی موسمیات محکمے نے گہرے سے لے کر بہت گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی ہے، جس سے اور بھی کم دوری تک ہی صاف نظر آنے کی وجہ سے فضائی آلودگی کا اثر مزید بڑھ جائے گا۔ دلّی، اترپردیش، ہریانہ اور چنڈی گڑھ کے وسیع علاقوں کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ لوگوں اور حکام کو موٹر گاڑیوں اور ٹرینوں کی آمد و رفت نیز ہوائی جہازوں کی پروازوں میں ممکنہ رکاوٹ سے خبردار کیا گیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بھارت کی ایئرپورٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ شمالی بھارت کے بعض حصوں میں کہرے کی وجہ سے کم دوری تک ہی صاف نظر آرہا ہے اور کچھ ہوائی اڈوں پر ہوائی جہازوں کی پروازوں میں تاخیر ہوسکتی ہے یا اُن کے نظام الاوقات میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ اتھارٹی نے مسافروں کو صلاح دی ہے کہ وہ باضابطہ وسیلوں سے اپنی ایئر لائنز سے پرواز کی تازہ جانکاری حاصل کریں اور ہوائی اڈے جانے کیلئے اور زیادہ پہلے گھر سے نکلیں۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے مشرقی اترپردیش، بہار اور جھارکھنڈ میں گہرا کہرا چھائے رہنے کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اتراکھنڈ، مغربی اترپردیش، اڈیشہ، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش اور ملک کے شمال مشرقی حصوں میں بھی کہیں کہیں گہرا کہرا چھائے رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔

اِدھر دلّی قومی راجدھانی خطے میں ہوا کی کوالٹی اب بھی بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ فضائی آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق قومی راجدھانی میں ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ آج دن میں ایک بجے 376 ریکارڈ کیا گیا۔x

**South Africa Shooting**

جنوبی افریقہ کے West Rand خطے میں آج مسلح حملہ آوروں کی فائرنگ میں کم از کم 9 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ کئی لوگ زخمی ہوئے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ جنوبی افریقہ کے سب سے بڑے شہر اور اُس کے بڑے اقتصادی مرکز جوہانسبرگ کے نزدیک واقع علاقے میں ہوا۔ حکام نے اِس واقعے کی مکمل تحقیقات شروع کردی ہیں۔ x

**Women's Cricket**

خواتین کرکٹ میں، بھارت اور سری لنکا کے درمیان پہلا ٹی ٹوئنٹی میچ آج وشاکھا پٹنم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ اِس سیریز میں پانچ میچ کھیلے جائیں گے۔ x

**MP - Fit India Cycles**

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کی وزارت کی Fit India پہل کے تحت آج پدوچیری میں سائکل پر سنڈے مہم کا ایک سال مکمل ہونے کا جشن منایا گیا۔ پدوچیری کے لیفٹیننٹ گورنر کیلاش ناتھن اور وزیر اعلیٰ این رنگا سامی نے نوجوانوں اور طلبا کی سائکل ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے محکمے کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے اِس سائکل ریلی کی قیادت کی۔×

**Cricket U19 Asia Cup Final**

دوبئی میں 19 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کے ACC ایشیا کپ 2025 کے فائنل میں بھارت کے خلاف کھیلتے ہوئے، پاکستان نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 45 اعشاریہ چار اوورس میں 7 وکٹ پر 325 رَن بنا لئے تھے۔

اِس سے قبل، بھارت نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔

سیمی فائنل میں بھارت نے سری لنکا کو 8 وکٹ سے ہرایا تھا، جبکہ پاکستان نے پچھلی بار کے چمپئن بنگلہ دیش کو شکست دی تھی۔

آیوش مہاترے کی زیرِ کمان بھارتی ٹیم ریکارڈ نویں مرتبہ یہ ٹائٹل جیتنے کی کوشش کرے گی۔ x

**Australia - Bondi Beach Attack**

آسٹریلیا کے وزیر اعظم Anthony Albanese نے Bondi Beach میں گزشتہ ہفتے کے حملے کے تناظر میں پولیس اور قومی انٹیلی جینس ایجنسیوں کے جائزے کا اعلان کیا ہے۔ سڈنی Beach پر یہودیوں کے فیسٹول پر دو مسلح افراد کی فائرنگ میں 15 افراد مارے گئے تھے۔ ایک بیان میں آسٹریلیا کے وزیر اعظم نے کہا کہ اگلے سال اپریل تک ہونے والے انٹیلی جینس جائزے میں اِس بات کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی کہ حکام انتہا پسندی سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہوں۔×

**Pakistan Protest**

پاکستان کے سابق وزیرِ اعظم عمران خان نے اپنے حامیوں پر زور دیا ہے کہ وہ پورے ملک میں احتجاج اور مظاہروں کیلئے تیار ہوجائیں۔ توشہ خانہ دوئم بدعنوانی کیس میں عمران خان اور اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 17 - 17 سال کی قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ اِسی کے بعد اُن کا یہ بیان سامنے آیا ہے۔

پاکستان تحریکِ انصاف پارٹی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اِن مظاہروں سے قبل مختلف صوبوں میں لوگوں کو اکٹھا کرنے کے انتظامات کئے جارہے ہیں۔ پارٹی نے کہا ہے کہ عمران خان کی براہِ راست ہدایت پر یہ ایجی ٹیشن شروع کیا جارہا ہے۔ اُس نے بتایا ہے کہ کارکنوں کو یہ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ طویل مدتی ایجی ٹیشن کی حکمتِ عملی کے حصے کے طور پر سڑکوں پر رہیں۔

توشہ خانہ دوئم کیس کا تعلق اُن سرکاری تحائف میں مبینہ فراڈ سے ہے، جو سابق وزیرِ اعظم اور اُن کی اہلیہ کو 2021

میں سعودی عرب کی سرکار کی طرف سے ملے تھے۔ x

**Miety Whatapp Hijiack**

الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کی وزارت نے ایک ایڈوائزری جاری کی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ Ghost Pairing نامی سائبر مہم کو واٹس ایپ اکاؤنٹس کو ہائی جیک کرنے کیلئے استعمال کیا جارہا ہے۔

وزارت نے کہا کہ Hijackers، واٹس ایپ کے Device سے جڑے Feature کا غلط استعمال کرکے اکاؤنٹس Hijack کر رہے ہیں، جس میں اصل صارف کی طرف سے تصدیق کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔

ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ اِس مہم کے تحت سب سے پہلے نشانہ بنائے جانے والے صارف کو Hi جیسا کوئی پیغام موصول ہوتا ہے۔ اِس لیے اس فوٹو کی کسی بھروسہ مند شخص سے تصدیق کی جانی چاہئے۔

وزارت نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ مشتبہ لنکس پر بھی کلک نہ کریں اور کسی بھی صورت میں غیر ملکی Sites پر اپنا فون نمبر درج نہ کریں۔ اپنے Device کی Whatsapp سیٹنگ کی متواتر جانچ کرتے رہیں اور اِس طرح کی جالسازی کا شکار بننے سے بچیں۔×

**Bangladesh RAB Blosphemy**

بنگلہ دیش کی ریپڈ ایکشن بٹالین آر اے بی نے کہا ہے کہ اُسے میمن سنگھ میں توہین مذہب کا ایک ہندو نوجوان کو پیٹ پیٹ کر ہلاک کردینے کے معاملے میں، اب تک کوئی واضح ثبوت نہیں ملا ہے۔

حالانکہ اُس نے الزام لگایا ہے کہ ایک فیکٹری منیجر نے پولیس کو اطلاع دینے کے بجائے، اُسے ایک مشتعل بھیڑ کے حوالے کردیا۔

28 سالہ دیپو چندر داس، Bhaluka-Upazila میں Pioneer Knitwears B.D. Ltd. میں کام کرتا تھا۔ اُسے مبینہ توہینِ مذہب کے الزام میں Jamirdiya کے مقام پر جمعرات کی رات کو ایک مشتعل ہجوم نے پیٹ پیٹ کر ہلاک کردیا تھا۔ اُس کی لاش کو بعد میں ایک پیڑ سے باندھ کر آگ لگادی گئی تھی، جس سے بڑے پیمانے پر اشتعال پھیل گیا۔

کل ایک پریس بریفنگ میں RAB کے ڈائریکٹر نعیم الحسن نے کہا کہ اِس ہلاکت کے سلسلے میں 10 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، جن میں فیکٹری کا Floor مینیجر عالمگیر حسین اور کوالٹی مینیجر معراج حسین Akon شامل ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆